**Nafees / Rais ul Islam**

**16-10-2024**

**13.50 Hrs**

**HL-Opening**

آداب

یہ آ کاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں محمد عمار

**Music**

------------------------------

☆ نیشنل کانفرنس کے لیڈر عمر عبداللہ کو جموں و کشمیر کے وزیراعلیٰ کی حیثیت سے حلف دلایا گیا ہے۔

2 ہریانہ میں نائب سنگھ سینی کو بی جے پی قانون ساز پارٹی کا لیڈر منتخب کیا گیا ہے۔ وہ کل وزیراعلیٰ کے عہدے کا حلف لیں گے۔

3 وزیرخارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے اسلام آباد میں شنگھائی تعاون تنظیم کی چوٹی میٹنگ میں خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرحد پار کی دہشت گردی، انتہا پسندی اور علیحدگی پسندی کی کارروائیوں سے تجارت، توانائی اور عوام کے درمیان رابطوں کی کوششوں کو نقصان پہنچتا ہے۔

4 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اپنے تین ملکوں کے دورے کے دوسرے مرحلے میں آج شام موریتانیہ پہنچیں گی۔

5 سپریم کورٹ نے ڈنٹھل وغیرہ جلانے سے پھیلنے والی فضائی آلودگی سے متعلق اُس کے حکم پر عمل نہ کرنے کی بنا پر ہریانہ اور پنجاب کی سرکاروں پر نکتہ چینی کی ہے۔

6 بنگلورو میں بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان بارش کی وجہ سے پہلے کرکٹ ٹسٹ میچ میں تاخیر ہورہی ہے۔

7 آج شام اسٹاک ہوم اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں مردوں کے سنگلز میں سُمت ناگپال فرانس کے **Quentin Halys** کا سامنا کریں گے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**J&K Swering -IN**

نیشنل کانفرنس کے رہنما عمر عبداللہ کو مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں و کشمیر کے وزیراعلیٰ کی حیثیت سے حلف دلایا گیا ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے جناب عبداللہ اور ان کی وزارتی کونسل کو حلف دلایا۔ حلف برداری کی تقریب آج سری نگر کے شیر کشمیر انٹرنیشنل کانونشن سینٹر میں ہوئی۔

حلف لینے والے نیشنل کانفرنس کے دوسرے رہنماؤں میں سریندر چودھری بھی شامل ہیں، جنھیں نائب وزیراعلیٰ کے طور پر حلف دلایا گیا ہے۔

ان کے علاوہ سکینہ **Itoo**، جاوید رانا، جاوید ڈار اور ایک آزاد امیدوار ستیش شرما کو بھی وزیر کی حیثیت سے حلف دلایا گیا ہے۔

کانگریس صدر ملک ارجن کھڑگے، لوک سبھا میں حزب اختلاف کے رہنما راہل گاندھی، سماج وادی پارٹی کے صدر اکھلیش یادو اور **I.N.D.I.A** بلاک کے دیگر رہنما حلف برداری کی تقریب میں موجود تھے۔

جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے لیے گذشتہ انتخابات **2014** میں ہوئے تھے۔**x**

**PM Omer**

وزیراعظم نریندر مودی نے جموں و کشمیر کے وزیراعلیٰ کا عہدہ سنبھالنے پر عمر عبداللہ کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے اپنی نیک خواہشارت کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ جناب عبداللہ عوام کی خدمت کے لیے اپنی بہترین کوششیں کریں گے۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ مرکز جموں و کشمیر کی ترقی کے لئے جناب عبداللہ اور اُن کی ٹیم کے ساتھ مل کر کام کرے گا۔x

**Haryana Swering-IN**

ہریانہ کے قائم مقام وزیراعلیٰ نائب سنگھ سینی کو بی جے پی قانون ساز پارٹی کا لیڈر منتخب کیا گیا ہے۔ مرکزی وزیر داخلہ اور پارٹی کے مشاہد امت شاہ نے پنچکولہ میں پارٹی دفتر میں قانون ساز پارٹی کی میٹنگ کے بعد یہ اطلاع دی۔ انھوں نے کہا کہ میٹنگ میں اتفاق رائے سے نائب سنگھ سینی کا نام تجویز کیا گیا۔ پارٹی کے سینئر اسمبلی ممبر انل وِج اور کرشن کمار بیدی نے جناب سینی کا نام تجویز کیا۔

جناب سینی کو کل پنچکولہ میں شالیمار گراؤنڈ میں حلف دلایا جائے گا۔x

**SCO Jaishankar**

وزیرخارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ ترقی امن اوستحکام پرمنحصر ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ سرحد پر سے دہشت گردی، انتہا پسندی اورعلیحدگی پسندی کی سرگرمیاں ، تجارت ، توانائی ، رابطے اور عوام سے عوام کے درمیان تبادلے کو فروغ دینے کی کوششوں کو نقصان پہنچاتی ہیں۔ ڈاکٹرجے شنکر نے آج پاکستان کے اسلام آباد میں شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہان حکومت کی کونسل کے 23 ویں اجلاس سے خطاب کیا۔ وزیرخارجہ نے اجاگر کیا کہ موسم کے انتہائی مشکل حالات و واقعات ،سپلائی چین کی غیریقینی صورتحال اور مالی اتارچڑھاؤ جیسی رکاوٹیں پہلے ہی دنیا بھرمیں ترقی کو متاثرکررہی ہیں۔ وزیر خارجہ نے قرض پر تشویش کا اظہارکرتے ہوئے اسے ایک سنگین معاملہ قراردیا۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ ملکوں کے درمیان تعاون کی بنیاد ، باہمی احترام ، خودمختاری ،مساوات اور علاقائی سالمیت کوتسلیم کرنے پر ہونی چاہیئے۔ مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کی ضرورت پر روشنی ڈالتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ اجتماعی کوششیں ، وسائل کومتحرک کرسکتی ہیں، سرمایہ کاری کو راغب کرسکتی ہیں اور کاروباری نیٹ ورک کو وسعت دے سکتی ہیں۔ انہوں نے ماحولیاتی تحفظ اور آب وہوا سے متعلق کارروائی کو باہمی طورپر فائدہ مندکلیدی شعبوں کے طور پر شناخت کی۔ ڈاکٹرجے شنکرنے ایس سی او فریم ورک کے اندر بھارت کے عالمی اقدامات کی مطابقت کو بھی اجاگر کیا۔ انہوں نے بین الاقوامی شمسی اتحاد میں بھارت کی قیادت کو اجاگرکیا۔ انہوں نے مشن لائف یوگ اور موٹے اناج کی اہمیت پر بھی روشنی ڈالی۔ انہوں نے ڈجیٹل سرکاری بنیادی ڈھانچے میں بھارت کی ترقی کو اجاگر کیا۔ اپنے خطاب میں وزیر موصوف نے اقوام متحدہ سلامتی کونسل میں جامع اصلاحات کی وکالت کی۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ اقوام متحدہ کی ساکھ اور تاثیر ترقی پذیر ممالک کی نمائندگی کو یقینی بنانے پر منحصر ہے۔x

**President**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو تین افریقی ملکوں کے اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں الجیرس سے موری تانیا کے لئے روانہ ہوگئیں ۔صدر جمہوریہ کو الجیریا میں شاندار الوداعیہ دیا گیا۔ انہیں عوامی جمہوریہ الجیریا کے وزیر اعظم Nadir Larbaoul اور دیگر اعلیٰ حکام نے انہیں

الوداع کہا۔ موریتانیا کے ایک روزہ دورے کے دوران صدر جمہوریہ موری تانیا کی قیادت اور بھارتی برادری کے ساتھ دو طرفہ میٹنگیں کریں گی۔

**SC Stubble Burning**

سپریم کورٹ نے فضائی آلودگی سے متعلق اس کے حکم پر عمل نہ کرنے کی بنا پر ہریانہ اور پنجاب کی سرکاروں پر نکتہ چینی کی ہے۔ یہ فضائی آلودگی ڈنٹھل وغیرہ جلانے سے پھیلتی ہے۔ جسٹس ابھئے ایس اوکا کی سربراہی والی بینچ نے فضائی معیارات سے متعلق کمیشن **CAQM** کو ہدایت دی ہے کہ ہریانہ سرکار کے اُن اہلکاروں کے خلاف تعزیری کارروائی کی جائے، جو اس کے حکم کی خلاف ورزی کے مرتکب افراد کے خلاف کوئی قدم اٹھانے میں ناکام رہے ہیں۔

عدالت عالیہ نے اس سلسلے میں ہریانہ کے چیف سکریٹری سے **23** اکتوبر کو عدالت میں پیش ہونے کو کہا ہے۔ پنجاب کے چیف سکریٹری کو بھی ہدایت دی گئی ہے کہ وہ بدھ کو عدالت میں موجود رہیں اور عدالت کو بتائیں کہ اس کے حکم پر عمل نہ کرنے والے اہلکاروں کے خلاف کوئی کارروائی کیوں نہیں کی گئی۔ **x**

**US- ISrael Kumbh**

اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کل لکھنؤ میں اپنی سرکاری رہائش گاہ پر اسرائیل کے سفیر **Reuven Azar** سے بات چیت کی۔ انھوں نے دونوں ملکوں، خاص طور پر اترپردیش کے تعلق سے تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے طور طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر انھوں نے پریاگ راج کے مہا کنبھ **2025** کو اور زیادہ محفوظ بنانے کے لئے اسرائیل سے اینٹی ڈرون ٹکنالوجی کے استعمال اور پولیس کو جدید بنانے کے لئے مدد مانگی۔ دونوں رہنماؤں نے اترپردیش میں اسرائیل کے لئے بڑھتی ہوئی ہنرمند افرادی قوت کے بارے میں بھی بات چیت کی۔ اسرائیل کے وفد نے کہا کہ اُن کی سرکار خطے سے اور زیادہ لوگوں کو روزگار دینے میں دلچسپی رکھتی ہے۔ پینے کے پانی اور **Drip** سینچائی کے بارے میں بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔**x**

**PM NSG Raising Day**

وزیراعظم نریندر مودی نے قومی سلامتی گارڈز **NSG** کو آج اُن کے یوم تاسیس پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ ملک **NSG** کے تمام جوانوں کو ملک کے تحفظ کے لئے اُن کی انتھک لگن، جرأت اور عزم کے لئے اُنھیں سلام کرتا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ ملک کو درپیش خطرے سے نمٹنے میں **NSG** کے جوانوں کا عزم قابل تعریف ہے۔ **x**

**BJP CEC Meeting**

جھارکھنڈ میں ہونے والے اسمبلی انتخابات کیلئے امیدواروں کے ناموں کو قطعی شکل دینے کیلئے بی جے پی کی مرکزی انتخابی کمیٹی کی میٹنگ کل رات نئی دلّی میں پارٹی صدر دفتر میں منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں وزیراعظم نریندر مودی، وزیر داخلہ امت شاہ، بی جے پی کے قومی صدر جے پی

نڈا اور دیگر سینئر پارٹی رہنماؤں نے شرکت کی۔ x

**JPC Waqf**

مشترکہ پارلیمانی کمیٹی نے کَل نئی دلی میں وقف ترمیمی بل 2024 پر تبادلہ خیال کیا۔ اِس میٹنگ کی صدارت، لوک سبھا کے ممبر پارلیمنٹ جگدمبِکا پال نے کی۔

اِس کمیٹی نے اقلیتی امور کی وزارت کے نمائندوں سے، بل کے تعلق سے زبانی شواہد حاصل کیے، جس کا مقصد خامیوں کو دور کرنا، انتظامیہ کی صلاحیت اور وقف کی جائیدادوں کے بندوبست میں بہتری لانا ہے۔

مشترکہ پارلیمانی کمیٹی، جسے اس بل کو مزید جانچ پڑتال کے لیے بھیجا گیا ہے، اِس سال پارلیمنٹ کے سرمائی اجلاس کے دوران اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔x

**FM Visit**

خزانہ اور کارپوریٹ امور کی مرکزی وزیر نرملا سیتارمن آج سے میکسیکو اور امریکہ کا دورہ کریں گی۔ اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں وہ اِس مہینے کی 17 سے 20 تاریخ تک میکسیکو کے دورے پر رہیں گی۔ محترمہ سیتارمن ٹیکنالوجی کے لیڈروں کی گول میز کانفرنس کی صدارت کریں گی جس میں Guadalajara میں، بھارت کی بڑی آئی ٹی کمپنیوں سمیت، ٹیکنالوجی کے عالمی ماہرین یکجا ہوں گے۔

محترمہ سیتارمن میکسیکو کے خزانے اور عوامی قرض کے وزیر رَجیلیو رَامیریز دیلاؤ کے ساتھ بھی ایک دوطرفہ میٹنگ کریں گی۔ اِس کے علاوہ وہ، پارلیمنٹ سے متعلق تعاون کو مستحکم بنانے اور اقتصادی ترقی کو فروغ دینے کے مقصد سے، میکسیکو کی پارلیمنٹ کے بہت سے ارکان کے ساتھ بھی بات چیت کریں گی۔ x

**HM Manipur**

منی پور اسمبلی کے منتخب ارکان کے ایک گروپ نے، جو Kuki-Zo-Hmar، میتی اور ناگا برادریوں کی نمائندگی کررہاہے، کَل نئی دلّی میں میٹنگ کی۔ یہ میٹنگ ریاست میں تازہ ترین صورتحال پر تبادلۂ خیال کیلئے منعقد کی گئی تھی۔

وزارت داخلہ نے ایک بیان میں کہاکہ میٹنگ میں متفقہ طور پر یہ فیصلہ کیا گیا کہ ریاست میں سبھی برادریوں کے لوگوں سے اپیل کی جائے کہ وہ تشدد کا راستہ ترک کردیں تاکہ بے قصور شہریوں کی جانیں، اور زیادہ ضائع نہ ہوں۔ x

**Shah NSG**

مرکزی وزیرداخلہ امت شاہ نے آج نیشنل سکیورٹی گارڈ این ایس جی کو اس کے یوم تاسیس پر مبارکباددی ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب شاہ نے کہا کہ این ایس جی Sarvatra سروتر سرکشا کے مقصدکے ساتھ کام کررہا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ این ایس جی نے تیزی سے کارروائی کرنے ، زبردست حکمت عملی، خفیہ کارروائی اور شاندار کارکردگی میں مہارت کے ساتھ قومی سلامتی کے عمل کو مستقل تقویت

پہنچائی ۔ جناب امت شاہ نے این ایس جی کے جانبازوں کو سلام پیش کیا، جنھوں نے اپنے فرض کی ادائیگی کے دوران اپنی جانیں قربان کیں۔

**Scindia Digital**

مواصلات کے مرکزی وزیر جیوترادتیہ سندھیا نے کہا ہے کہ دنیا میں مجموعی طور پر جتنا ڈیجیٹل لین دین ہوتا ہے، اُس میں 46 فیصد حصہ بھارت کو ہوتا ہے۔ انھوں نے یہ بات آج نئی دلی میں بھارت منڈپم میں بین الاقوامی 6G سمپوزیم کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔

**Israel Gaza**

فلسطینیوں کا کہنا ہے کہ کل غزہ پٹی میں اسرائیل کے حملوں میں کم سے کم 26 افراد ہلاک ہوگئے۔فلسطینیوں کے طبی حکام کے مطابق 11 فلسطینی، Jabalia پناہ گزین کیمپ میں Al Fluja علاقے کے قریب اسرائیلی بمباری میں مارے گئے۔ جبکہ دس دوسرے افراد کو جنوبی غزہ میں خان یونس شہر کے مشرق میں ہوائی حملے میں نشانہ بنایا گیا۔ پانچ مزید افراد کے وسطی غزہ میں Nuseirat کیمپ میں اسرائیلی بمباری کے دوران موت ہوگئی۔ یہ بمباری ایک مکان پر کی گئی تھی۔

دوسری طرف اسرائیل کی دفاعی افواج میں اپنے بیان میں بتایا ہے کہ وہ جبالیہ علاقے میں ملی ٹینٹوں کے بنیادی ڈھانچے اور غیر فوجی علاقوں کے اندر اپنی کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ x

**IND-NZ 1st Test**

آج بینگلورو میں بھارت اور نیو زیلینڈ کے درمیان تین میچوں کی سیریز کے پہلے میچ کے لیے بارش کی وجہ سے ٹاس نہیں ہو سکا ہے۔

بھارت پوائنٹس کی فہرست میں ICC عالمی ٹیسٹ چیمپئن شپ میں فی الحال سب سے اوپر ہے۔ اِس سیریز میں کامیابی سے لگاتار تیسری مرتبہ فائنل کے لیے کوالیفائی کرنے کی اُس کی امیدوں کو مزید تقویت حاصل ہوگی۔

دوسرا ٹیسٹ میچ 24 سے 28 اکتوبر تک پونے میں کھیلا جائے گا۔ تیسرا اور آخری ٹیسٹ میچ ممبئی میں پہلی نومبر سے پانچ نومبر تک کھیلا جائے گا۔

روہت شرما بھارتی ٹیم کی قیادت کر رہے ہیں جبکہ وکٹ کیپر اور بلے باز Tom Latham نیوزی لینڈ کی کپتانی کررہے ہیں۔

**Women T20**

کرکٹ میں خواتین کے آئی سی سی ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ میں کل رات دوبئی میں کھیلے گئے مقابلے میں ویسٹ انڈیز انگلینڈ کو چھ وکٹ سے ہراکر سیمی فائنل میں پہنچ گیا۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے انگلینڈ کی ٹیم نے مقررہ 20 اوورس میں 7وکٹ پر 141 رن بنائے۔ ویسٹ انڈیز کی جانب سے Afy Fletcher نے تین وکٹ لئے۔ جواب میں ویسٹ انڈیز کی ٹیم نے دو اوور پہلے ہی مطلوبہ نشانہ حاصل کرلیا۔

سلامی بلے بازوں **Qiana Joseph** اور **Hayley Mathews** نے نصف سنچریاں بنائیں۔ **Joseph** کو پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔

اس سے پہلے گروپ اے سے آسٹریلیا اور نیو زیلینڈ کی ٹیمیں سیمی فائنل میں پہنچ چکی ہیں۔ وہیں گروپ بی سے جنوبی افریقہ اور ویسٹ انڈیز کی ٹیموں نے بھی سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا ہے۔ **x**

**Stockholm Open Tenis**

آج شام اسٹاک ہوم اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں مردوں کے سنگلز میں سُمت ناگپال فرانس کے **Quentin Halys** کا سامنا کریں گے۔ یہ میچ ہندوستانی وقت کے مطابق شام چار بجکر پچاس منٹ پر ہوگا۔

بھارت کے وجے سندر **Prasanth** اور جیون **Nedunchezhiyan** مردوں کے ڈبل کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ انھوں نے کل شام پری کوارٹر فائنل میں سویڈن کی جوڑی **Flip Bergevi** اور **Erik Grevelius** کو پانچ سات، چھ دو، دس پانچ سے ہرایا۔ کل کوارٹر فائنل میں اُن کا مقابلہ چیک کھلاڑی **Patrik Rikl** اور **Peter Nouza** سے ہوگا۔

.......................................